Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Translation Studies) Course Work Examination - December - 2018

Paper - PHTS108DST : Terminology

پرچہ:اصطلاحات

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ میں علمی اصطلاحات سازی کے لیے کن زبانوں کے الفاظ کو اردو الفاظ کے طور پر شمار کیا گیا؟

(a) یونانی، فرانسیسی (b) انگریزی، لاطینی (c) ترکی، پرتگالی (d) عربی، فارسی، ہندی، سنسکرت

(ii) مجلس وضع اصطلاحات کا تعلق کس ادارے سے تھا؟

(a) دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ، حیدرآباد دکن (b) فورٹ ولیم کالج، کولکاتا

(c) ورناکلر ٹرانسلیشن سوسائٹی، دہلی (d) اردو سائنس بورڈ، لاہور

(iii) اردو میں سائنس اور سماجی علوم کے ترجمے کا زیادہ تر انحصار؟

(a) اصطلاحات پر ہوتا ہے (b) تشریحات پر ہوتا ہے

(c) توضیحات پر ہوتا ہے (d) ترجمے کے نظریات پر ہوتا ہے

(iv) تھیسارس (Thesuarus) کسے کہتے ہیں؟

(a) الفاظ کے مترادفات اور متعلقہ الفاظ بتانے والا مجموعہ لغات (b) اس کتاب میں ترتیب تہجی سے الفاظ کے معنی بتائے جاتے ہیں

(c) ایسی کتاب جو کئی موضوعات پر معلومات مہیا کرتی ہے (d) ایسی کتاب جس میں عام معلومات ہوتی ہیں

(v) ''اصطلاحیں درحقیقت اشارے ہیں جو خیالات کے مجموعوں کی طرف ذہن کو فوراً منتقل کردیتے ہیں''۔ اصطلاح سے متعلق یہ تعریف کس نے کی تھی؟

(a) پنڈت برج موہن تاتریہ کیفؔ (b) فیبلر (c) پروفیسر وحیدالدین سلیم (d) مولوی عبدالحق

(vi) فرہنگ اصطلاحات جامعہ عثمانیہ کے مرتب کون ہیں؟

(a) ڈاکٹر جمیل جالبی (b) شان الحق حقی (c) مولوی عبدالحق (d) ڈاکٹر عطش درانی

(vii) ''وضع اصطلاحات'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) ڈاکٹر سلیم اختر (b) ڈاکٹر عطش درّانی (c) پروفیسر کلیم الدین احمد (d) پروفیسر وحید الدین سلیم

(viii) ہندوستان میں انگریزی-اردو علمی فرہنگوں کی اشاعت کس ادارے نے کی ہے؟

(a) ادارۂ ادبیات اردو (b) قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان

(c) دارالمصنّفین (d) نیشنل بک ٹرسٹ

(ix) ''دستخط'' کن دو زبانوں کے الفاظ سے وضع کی گئی مرکب اصطلاح ہے؟

(a) فارسی + عربی (b) عربی + ترکی (c) ہندی + فارسی (d) سنسکرت + عربی

(x) کسی زبان میں الفاظ و اصطلاحات کی کثرت اعلیٰ تہذیب و تمدن اور وسیع معلومات کی علامت ہے۔ صحیح ہے یا غلط ہے لکھیے؟

حصہ دوم

2 اصطلاح سے کیا مراد ہے اس کی ضرورت و اہمیت پر اظہار خیال کیجیے؟

3 اصطلاحات کی ترتیب و انتظام پر تفصیلی نوٹ لکھیے؟

4 اصطلاحات ایک ابھرتا ہوا شعبہ علم ہے بحث کیجیے؟

5 مصطلحین میں کن صلاحیتوں کا ہونا ضروری ہے؟

6 ایک وضع کردہ اصطلاح میں کن خصوصیات کا ہونا لازمی ہے؟

7 اردو میں مختلف علمی اصطلاحات کی کیا صورت حال ہے؟

8 اردو زبان میں وضع اصطلاحات سے زیادہ وضع کردہ اصطلاحات کے نفاذ کا مسئلہ ہے۔ اس رائے سے کیا آپ متفق ہیں۔ بحث کیجیے؟

9 انگریزی اصطلاحات اردو میں مستعار لینے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

حصہ سوم

10 اصطلاحات سازی سے متعلق دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کے وضع کردہ اصولوں کی تشریح کیجیے؟

11 وضع اصطلاحات سے متعلق پروفیسر وحید الدین سلیم کے تصورات اور نظریاتی مباحث کا جائزہ لیجیے؟

12 زبان کی توسیع و فروغ کے لیے کیا اصطلاح سازی ضروری ہے؟ بحث کیجیے؟

13 قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے اصطلاح سازی سے متعلق اصول و طریقہ کار پر مضمون لکھیے؟

14 درج ذیل انگریزی اصطلاحات کے متبادل اردو اصطلاحیں لکھیے؟

(1) Outstanding (2) Black Verse (3) Referendum (4) By Election

(5) Writ Petition (6) Cultural Heritage (7) Adjournment (8) Monopoly

(9) Gravitation (10) Cross Pollination

☆☆☆